# میڈیا کوآرڈینٹر آفس

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

# نئی دہلی

## روشن دماغ مفکر تھے پروفیسر مشیر الحق

### جامعہ ملیہ اسلامیہ میں پروفیسر مشیر الحق میمور یل لیکچر کا انعقاد

’’پروفیسر مشیر الحق کی فکر وتحقیق کا اہم موضوع اسلامی فکر کی تشکیل جدید تھا۔ان کا شمار دور جدید کے اجتہادی فکر رکھنے والے اہم مفکرین میں ہوتا ہے۔‘‘ان خیالات کا اظہار پروفیسر سالم قدوائی نے شعبہ اسلامک اسٹڈیز، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی طرف سے منعقد’پہلا مشیر الحق میموریل لیکچر‘بعنوان’’پروفیسر مشیر الحق: حیات وخدمات‘‘ میں کیا۔انہوں نے مزید کہا کہ وہ مسلمانوں کی امتیازی شناخت کو برقرار رکھنا چاہتے تھے اور وہ اس بات میں پختہ یقین رکھتے تھے کہ اجتہاد کا دروازہ ہمیشہ کھلا رہنا چاہیے اور اس کا حق روشن خیال علماء کرام کو ہی ملنا چاہیے۔

پروگرام کی صدارت پروفیسر طلعت احمد، وائس چانسلر، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے کی۔انہوں نے اپنے صدارتی کلمات میں شعبہ اسلامک اسٹڈیز کو’مشیر الحق میموریل لیکچر‘کے آغاز پر مبارک باد دی اور امید ظاہر کی کہ یہ سلسلہ آگے بھی جاری رہے گا۔

مہمان خصوصی پروفیسر فرقان قمر، سکریٹری جنرل، اے آئی یو، نے جذبات سے مغلوب ہوکر پروفیسر مشیر الحق کی بعض اہم اور نادر خوبیوں سے سامعین کو متعارف کرایا۔ پروفیسر محمد اسحٰق، صدر شعبہ اسلامک اسٹڈیز نے پروفیسر مشیر الحق کی علمی خدمات کا تعارف کراتے ہوئے کہا کہ’شعبہ اسلامک اسٹڈیز‘ موصوف کی ہی زندہ یادگار ہے۔ پروگرام کے کنوینر پروفیسر اقتدار محمد خان نے پروفیسر مشیر الحق سے اپنے شاگردانہ مراسم کا ذکر کرتے ہوئے ان کی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی اور مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔

پروگرام کا آغاز شعبہ اسلامک اسٹڈیز کے طالب علم محمد صادق کی تلاوت کلام پاک سے ہوا اور پروفیسر محمد اسحٰق، صدر شعبہ اسلامک اسٹڈیز نے موضوع کا تعارف کراتے ہوئے نظامت کے فرائض انجام دیئے۔ پروگرام میں پروفیسر مشیر الحق کے خانوادے کے اہم افراد، پروفیسر عماد الحسن آزاد فاروقی، پروفیسر رضی احمد کمال، پروفیسر محمد شفیق، ڈاکٹر امان اللہ فہد، جناب ایس ایم محمود، سکریٹری، جامعہ ٹیچرس ایسوسی ایشن، پروفیسر فریدہ خانم، پروفیسر سید شاہد علی، جناب جنید حارث، ڈاکٹر محمد مشتاق، ڈاکٹر محمد ارشد، ڈاکٹر محمد خالد خان، ڈاکٹر محمد عمر فاروق، ڈاکٹر وارث مظہری، ڈاکٹر خورشید آفاق، اسامہ شعیب علیگ، مسیح اللہ، جاوید اختر، تمنا مبین اعظمی، محمد تحسین زماں نیز ریسرچ اسکالرز اور ایم اے، بی اے کے طلبہ وطالبات کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔

جاری کردہ:

ڈپٹی میڈیا کوآرڈینٹر

جامعہ ملیہ اسلامیہ

نئی دہلی